**TNSET 2024**

**Module Name : Urdu**
**Exam Date : 06-Mar-2025 Batch : 14:00-17:00**

| Sr. No. | Urdu |
|---|---|
| | PAPER II |
| 1 | مثنوی ' نہ سپہر ' میں خسرو نے ذیل میں سے کن زبانوں کا ذکر کیا ہے؟<br>صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے:<br><br>A. کشمیری، ڈوگری، گجراتی<br><br>B. لاہوری، پنجابی، سندھی<br><br>C. اودھی، گڑھوالی، برج<br><br>D. ہندوی، سامی، ڈوگری |
| 2 | اردو میں فونیمیات کی تعداد کتنی ہے؟<br><br>A. 58<br><br>B. 59<br><br>C. 60<br><br>D. 61 |
| 3 | درج ذیل اقتباسات میں دکنی اردو کی خصوصیات کی نشاندہی کیجئے:<br><br>A. دکنی اردو دوسری ہندوستانی زبانوں سے زیادہ دور تھی۔<br><br>B. دکنی اردو اور دوسری ہندوستانی زبانوں کا کوئی تعلق ہی نہ رہا۔<br><br>C. دکنی اردو ہندوستانی زبانوں سے زیادہ قریب تھی۔<br><br>D. دکنی اردو عربی اور گجراتی زبانوں سے مماثلت رکھتی تھی۔ |
| 4 | بگھیلی کس علاقے کی بولی ہے؟ |

A. راجستھانی

B. گجراتی

C. مغربی ہندی

D. بندیل کھنڈ

5

ذیل میں دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط۔ صحیح زمروں کی نشاندہی کیجئے:

1. اردو کی پیدائش سرزمین پنجاب سے ہوئی۔ سہیل بخاری

2. اردو کھڑیہ بولی سے نکلی ہے۔ پروفیسر مسعود حسین خان

3. اردو برج بھاشا سے نکلی ہے۔ سید سلیمان ندوی

4. اردو دکن میں پیدا ہوئی ہے۔ نصیر الدین ہاشمی

A. ایک اور چار صحیح ہیں۔

B. دو اور چار صحیح ہیں۔

C. تین اور چار صحیح ہیں۔

D. چار اور دو صحیح ہیں۔

6

"مقدمہ تاریخ زبان اردو" کس کی تصنیف ہے؟

A. نصیر الدین ہاشمی

B. پروفیسر مسعود حسین خاں

C. محمود شیرانی

D. شوکت سبزواری

7

"بوستانِ خیال" کس کی لکھی ہوئی مثنوی ہے؟

A. ملا وجہی

B. سراج اورنگ آبادی

C. ولی اورنگ آبادی

D. غواصی

8 "اردو زبان برج بھاشا سے نکلی ہے۔" اردو کی ابتدا کے متعلق یہ نظریہ کس کا ہے؟

A. سہیل بخاری

B. شوکت سبزواری

C. محمود شیرانی

D. محمد حسین آزاد

9 " سب رس" کا قصہ کون سی فارسی تصنیف سے ماخوذ ہے؟

A. قصہ حسن ودل

B. قصۂ عشق ودرد

C. قصۂ شہزادی

D. قصۂ بکاولی

10 ذیل میں کس بولی کا تعلق مغربی ہند سے نہیں ہے؟

A. کھڑی بولی

B. پالی

C. برج

D. ہریانی

11

ذیل کے شعرا کی پیدائش کے اعتبار سے زمانی ترتیب کی نشاندہی کیجئے:

i. مرزا دبیرؔ

ii. مرزا انیسؔ

iii. مرزا غالبؔ

iv. ذوقؔ

A. iv, iii, ii, i

B. iii, I, ii, iv

C. ii, iv, I, iii

D. I, iv, iii, ii

12

نواب ٹونک اور راجہ اجیت سنگھ کی مدح میں کس شاعر نے قصیدے لکھے؟

A. مومنؔ

B. سوداؔ

C. ذوقؔ

D. غالبؔ

13

شاعر کے حوالے سے شناخت کیجئے کہ یہ بند کس صنفِ ادب سے ماخوذ ہے۔

صبح صادق کا ہوا چرخ پہ جس وقت ظہور
زمزمے کرلے گئے یاد الٰہی میں طیور
مثل خورشید برآمد ہوئے خیمہ سے حضور
یک بیک پھیل گیا چار طرف دشت میں نور
شش جہت میں رُخ مولا سے ظہور حق تھا
صبح کا ذکر ہے کیا، چاند کا چہرہ فق تھا

A. مثنوی اور ملا وجہیؔ

B. قصیدہ اور سوداؔ

C. مرثیہ اور انیسؔ

D. مرثیہ اور غالبؔ

14

"اردو میں مرثیہ" کس کی تصنیف ہے؟

A. ام ہانی اشرف

B. صالحہ عابد حسین

C. سفارش حسین

D. جمیل جالبی

15

گریز کس صنفِ شاعری کا اہم جزو ہے؟

A. مرثیہ

B. مثنوی

C. شہر آشوب

D. قصیدہ

16

اردو شاعری میں قصیدے کا شاندار دور کس شاعر سے شروع ہوتا ہے؟

A. غالبؔ

B. سوداؔ

C. ذوقؔ

D. انیسؔ

17

ذیل میں قصیدہ کے عناصر میں کون سا جز شامل نہیں ہے؟

A. تشبیب

B. رجز

C. گریز

D. مدح

18

نظامی بیدری نے کونسی مثنوی لکھی؟

A. گلشن عشق

B. سیف الملوک وبدیع الجمال

C. قطب مشتری

D. کدم راؤپدم راؤ

19

نظامی کی مثنوی کی نشاندہی کیجئے:

A. پھول بن

B. کدم راَوپدم راؤ

C. سحر البیان

D. گلزارِ نسیم

20

اکبر شاہ ثانی نے کس شاعر کو "خاقانیٔ ہند" کا خطاب عطا کیا تھا؟

A. مرزا محمد رفیع سوداؔ

B. شیخ محمد ابراہیم ذوقؔ

C. مرزا محمد تقی

D. مرزا غالبؔ

21

" شعر میں دو ایسے لفظ لائے جائیں جن کا تلفظ ایک ہو لیکن معنی مختلف ہوں۔" یہ کون سی صنعت کی تشریح ہے؟ نشاندہی کیجیے۔

A. صنعتِ اشتقاق

B. صنعتِ تجنیسِ محرف

C. صنعتِ تجنیسِ تام

D. صنعتِ لف و نشر مرتب

22

اصغر گونڈوی نے کون سا کاروبار کیا؟

A. فن خطاطی

B. چشمہ سازی

C. طباعت

D. زراعت

23

فراقؔ گورکھپوری نے اپنی غزلوں کی اصلاح کس سے لی؟

A. وہم خیر آبادی

B. جوش ملیح آبادی

C. شاد عظیم آبادی

D. کلیم عاجز

24

مندرجہ ذیل میں سے جگرؔ مرادآبادی کے مجموعوں کی شناخت کیجیے:

A. گل نغمہ، اسم اعظم اور آتشِ گل

B. آتشِ گل، شعلۂ طور اور عشق نامہ

C. آتشِ گل، شعلۂ طور اور داغِ جگرؔ

D. نشاطِ روح، آتشِ گل اور آیاتِ وجدانی

25 "دیوانِ غالبؔ" کا پہلا ایڈیشن کس سن میں شائع ہوا؟ نشاندہی کیجیے:

A. 1839ء

B. 1838ء

C. 1840 ء

D. 1841 ء

26 برہمی کی ہے ساری میرے دیوان میں

سیر کر تو بھی یہ مجموعہ پریشانی کا

یہ شعر کس کا ہے؟

A. فانیؔ

B. غالبؔ

C. میرؔ

D. مصحفیؔ

27 میر ان نیم باز آنکھوں میں

ساری مستی شراب کی سی ہے

اس شعر میں کس صنعت کا استعمال ہوا ہے؟

A. مجاز مرسل

B. تشبیہ

C. استعارہ

D. کنایہ

28

فانیؔ بدایونی کس سن میں پیدا ہوئے؟

A. 1869ء

B. 1872 ء

C. 1879ء

D. 1889ء

29 میرؔ کی خود نوشت کا نام بتایئے :

A. فکرِ میر

B. اذکارِ رفتگان

C. تجلیات

D. ذکرِ میر

30 ہے خبر گرم ان کے آنے کی

اس کا ثانی مصرعہ بتایئے۔

A. میں نہ اچھا ہوا، بُرا نہ ہوا

B. اک تماشا ہوا گلا نہ ہوا

C. حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہ ہوا

D. آج ہی گھر میں بوریا نہ ہوا

31 نظم "حسن کوزہ گر" کے شاعر کا نام لکھئے:

A. جوشؔ ملیح آبادی

B. علامہ اقبالؔ

C. ن۔م۔راشد

| | |
|---|---|
| | D. فیض احمد فیضؔ |
| 32 | میراجی کی شاعری پر کس مغربی شاعر کا سب سے زیادہ اثر ہے؟<br><br>A. کیٹس<br><br>B. شیلے<br><br>C. بودلیر<br><br>D. آرنلڈ |
| 33 | نظم "سانیٹ" میں کل کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟<br><br>A. 13<br><br>B. 14<br><br>C. 12<br><br>D. 10 |
| 34 | "ساقی نامہ" اقبالؔ کی ایک اہم نظم ہے۔ یہ نظم سات بند پر مشتمل ہے۔ اس کے کس بند میں خودی کی صفات پرورشِ خودی کی تلقین کی گئی ہے؟<br><br>A. پہلے بند میں<br><br>B. چھٹے بند میں<br><br>C. دوسرے بند میں<br><br>D. ساتویں بند میں |
| 35 | فیضؔ کی نظم "مجھ سے پہلی سی محبت میری محبوب نہ مانگ" کتنے بند اور مصرعوں پر مشتمل ہے؟<br><br>A. تین بند اور بیس مصرعے<br><br>B. چار بند اور بائیس مصرعے<br><br>C. دو بند اور اٹھارہ مصرعے |

D. ایک بند اور پندرہ مصرعے

36 صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے :

A. پابند نظم اس کو کہتے ہیں جس میں ردیف، قافیہ اور بحر کے مقررہ اوزان کی پابندی کی جاتی ہے۔

B. پابند نظم اس کو کہتے نہیں جس میں ردیف اور قافیہ کے اوزان کی پابندی نہیں کی جاتی ہے۔

C. پابند نظم اس کو کہتے ہیں جس میں صرف ردیف کی پابندی لازمی ہے۔

D. پابند نظم اس کو کہتے ہیں جس میں صرف ردیف پر پابندی کی جاتی ہے۔

37 علامہ اقبال کی تاریخ پیدائش کیا ہے؟

A. 9۔نومبر 1877ء

B. 11۔نومبر 1888ء

C. 15۔دسمبر 1789ء

D. 20۔اکتوبر 1820ء

38 نظم "مفلسی" کتنے بندوں پر مشتمل ہے؟

A. 15

B. 19

C. 10

D. 12

39

ذیل کے مصرعے کس نظم سے ماخوذ ہیں۔ شاعر کے نام کے ساتھ نشاندہی کیجئے :

زیرلب ارض و سما میں باہمی گفت و شنود

مشعل گردوں کے بجھ جانے سے اک ہلکا سا درد

وسعتیں میدان کی سورج کے چھپ جانے سے تنگ

سبزۂ افسردہ پر خواب آفریں ہلکا سا رنگ

A. جوش ملیح آبادی اور کسان

B. جوش ملیح آبادی اور جنگل کی شہزادی

C. جوش ملیح آبادی اور شکستِ زنداں کا خواب

D. جوش ملیح آبادی اور بدلی کا چاند

40

نظم میں بنیادی عنصر کیا ہے؟

A. تسلسلِ خیال

B. ریزہ خیالی

C. رمز و اشارہ

D. قافیہ پیمائی

41

ذیل میں سے ڈرامہ "آگرہ بازار" میں کتب فروش کے کردار میں کون ہے؟ نشان دہی کیجئے۔

A. شمس الرحمٰن فاروقی

B. سہیل فاروقی

C. نثار احمد فاروقی

D. ضیاء الحسن فاروقی

42

"باغ و بہار" کا ماخذ کیا ہے؟

| | |
|---|---|
| | A. نوطرز مرصع<br><br>B. رانی کیتکی کی کہانی<br><br>C. سلک گوہر<br><br>D. فسانۂ آزاد |
| 43 | '' داستان طرازی منجملہ فنونِ سخن ہے۔سچ یہ ہے کہ دل بہلانے کے لئے اچھا فن ہے۔''<br>یہ کس کا قول ہے؟<br><br>A. میر تقی میر<br><br>B. غالب<br><br>C. محمد حسین آزاد<br><br>D. الطاف حسین حالی |
| 44 | ڈراما'' یہودی کی لڑکی'' آغا حشر کی ڈراما نگاری کے کس دور سے تعلق رکھتا ہے؟<br><br>A. پہلا دور<br><br>B. دوسرا دور<br><br>C. تیسرا دور<br><br>D. چوتھا دور |
| 45 | افسانوی ادب کی قدیم ترین صنف کون سی ہے؟<br><br>A. ڈراما<br><br>B. داستان<br><br>C. افسانہ<br><br>D. ناول |

46

کس داستان کو اردو وہندی والے دونوں اپنے ادب کا قدیم سرمایہ سمجھتے ہیں؟

A. باغ و بہار

B. کربل کتھا

C. بوستانِ خیال

D. رانی کیتکی کی کہانی

47

"سبز پری" کس ڈرامے کی کردار ہے؟

A. اندر سبھا

B. انار کلی

C. ضحاک

D. یہودی کی لڑکی

48

"سب رس" میں آب حیات کی تلاش میں کون نکلتا ہے؟

A. نظر

B. رقیب

C. دل

D. ناموس

49

ڈراما" انار کلی" میں شہزادہ سلیم اور انار کلی کی محبت کے راز کا انکشاف بادشاہ کے سامنے کون کرتی ہے؟

A. دل آرام

B. سلیم کی ماں

C. خود انار کلی

| | |
|---|---|
| | D. ثریا |
| 50 | ڈرامے میں پلاٹ کاآخری مرحلہ کو کیا کہتے ہیں؟<br><br>A. ابتداء<br><br>B. عروج<br><br>C. انجام<br><br>D. نقطہ عروج |
| 51 | درج ذیل میں سے ناول کے اجزائے ترکیبی کی صحیح شناخت کیجئے:<br><br>A. کہانی، پلاٹ، مکالمے، اسلوب<br><br>B. کہانی، پلاٹ، تشبیب، گریز<br><br>C. مدح، کہانی، کردار، بین<br><br>D. کردار، مکالمے، پلاٹ، رزم |
| 52 | افضال اور سلامت کس ناول کے کردار ہیں؟<br><br>A. ایک چادر میلی سی<br><br>B. فائرایریا<br><br>C. ٹیڑھی لکیر<br><br>D. بستی |
| 53 | "بنسی" ناول میں ہیرو کانام کیاہے؟<br><br>A. حسین<br><br>B. ذاکر<br><br>C. حسن |

D. عادل

54 "Hardy , The Novelist" کے مصنف کانام بتایئے۔

A. ڈیوڈ سیل

B. پرسی لیک

C. ورجیناوولف

D. ایمرسن

55 " بابودھنی رام " کس افسانے کا کردار ہے؟

A. ہم وحشی ہیں

B. واردات

C. ٹھنڈا گوشت

D. اپنے دکھ مجھے دے دو

56 مندرجہ ذیل میں سے منشی پریم چند کے ناولوں کی شناخت کیجئے:

A. سوزِ وطن، پریم بتیسی، آخری تحفہ، واردات

B. غربت و وطن، سودائے سنگین، خیالستان، زہرا

C. آنندی، بھونرا، بردہ فروش، ایک دردمند دل

D. ہم وحشی ہیں، ہوائی قلعے، اَن داتا، دسواں پل

57 کرشن چندر کب پیدا ہوئے؟

A. 19۔اکتوبر 1921ء

B. 26۔نومبر 1913ء

| | |
|---|---|
| | C. 20۔دسمبر1920ء<br>D. 21۔نومبر1930ء |
| 58 | ''امراؤجان'' کا اصل نام کیا تھا؟<br>A. امیرن<br>B. نورجہاں<br>C. خورشید جان<br>D. بسم اللہ جان |
| 59 | ناول ''مراۃالعروس'' کی سن اشاعت کی نشاندہی کیجئے۔<br>A. ۱۸۸۰<br>B. ۱۸۶۹<br>C. ۱۸۷۹<br>D. ۱۸۷۵ |
| 60 | درج ذیل فہرست میں انتظار حسین کے ناول کی شناخت کیجئے:<br>A. کنکری<br>B. خالی پنجرہ<br>C. بستی<br>D. سرخ تمغہ |
| 61 | |

صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجئے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| i. | محمد حسن | 1. | جدیدیت |
| ii. | شمس الدین فاروقی | 2. | نفسیاتی تنقید |
| iii. | گوپی چند نارنگ | 3. | ترقی پسند تنقید |
| iv. | سلیم احمد | 4. | مابعد جدیدیت |

A. 1-iii, 2-iv, 3-i, 4-ii

B. 1-i, 2-ii, 3-iii, 4-iv

C. 1-iv, 2-i, 3-iii, 4-ii

D. 1-ii, 2-iv, 3-i, 4-iii

62

"اردو شاعری سنسکرت کی شاعری کا انداز پیدا کرتی ہے۔"

یہ کس کا بیان ہے؟

A. امداد امام اثر

B. محمود شیرانی

C. وحید الدین سلیم

D. مہدی افادی

63

مشرقی شعریات کی اساس پر اردو میں تنقید کی پہلی کتاب کونسی ہے؟

A. آبِ حیات

B. شعر العجم

C. مقدمہ شعر و شاعری

D. موازنہ انیسؔ و دبیرؔ

64

''شاعری کی تین آوازیں'' کس کا مضمون ہے؟

A. بھرت منی

B. آنندوردھن

C. ارسطو

D. ٹی ایس ایلیٹ

65 '' تنقید کسی چیز کو جانچنے اور اس کے کھوٹے کھرے کے پرکھنے کو کہتے ہیں۔''

کیا یہ مفہوم ''تنقید'' کے لئے موزوں ہے؟

A. صحیح

B. غلط

C. نامناسب

D. مختلف

66 اردو زبان کا پہلا تذکرہ کون سا ہے؟

A. نکات الشعراء

B. تحفۃ الشعراء

C. گلشنِ گفتار

D. گلشنِ ہند

67 ''جدیدیت'' سے وابستہ نقاد کی نشاندہی کیجئے:

A. احتشام حسین

B. خلیل الرحمٰن اعظمی

C. محمد حسن

D. شمس الرحمٰن فاروقی

68

تنقید کی کل کتنی قسمیں ہیں؟

A. ایک

B. دو

C. تین

D. چار

69

تنقید کے لغوی معنی کیا ہیں؟

A. کھرے اور کھوٹے کی پرکھ

B. سچے اور جھوٹے کی پرکھ

C. عقل مندی اور لاشعور کی پرکھ

D. شاعر اور نثر نگار کی پرکھ

70

"شعر العجم" کس کی تصنیف ہے؟

A. سرسید

B. آزادؔ

C. حالیؔ

D. شبلیؔ

71

علی گڑھ انسٹی ٹیوٹ گزٹ کا پہلا نام کیا تھا؟

A. سائنٹفک سوسائٹی

B. ایجوکیشنل سوسائٹی

C. لٹریری سوسائٹی

D. اکیڈمک سوسائٹی

72

انجیل مقدس کی تفسیر اردو میں کس نام سے شائع ہوئی ؟

A. بین الکلام

B. تبئین کلام

C. عین الکلام

D. علم الکلام

73

"ایڈیسن اور اسٹیل" اردو کی کس صنف کے لیے مشہور ہیں؟

A. خاکہ

B. مضمون

C. سوانح

D. رپورتاژ

74

غالبؔ کے خطوط کے متعدد مجموعے مرتب کیے گئے ہیں۔ اس میں صحیح جوڑ کی نشان دہی کیجئے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1. | عودِ ہندی | i. | مہیش پرشاد |
| 2. | خطوطِ غالب | ii. | امتیاز علی عرشی |
| 3. | اردوئے معلیٰ | iii. | منشی ممتاز علی خاں |
| 4. | مکاتیبِ غالب | iv. | حکیم غلام رضا خاں |

A. 1-i, 2-ii, 3-iii, 4-iv

B. 1-iv, 2-iii, 3-i, 4-ii

C. 1-iii, 2-i, 3-iv, 4-ii

D. 1-ii, 2-iv, 3-i, 4-iii

75

شبلی نے کون سا سفر نامہ تحریر کیا؟

A. مسافرانِ لندن

B. سفر نامہ روم و مصر و شام

C. جہاں دیدہ

D. ابن بطوطہ کے تعاقب میں

76

انشائیہ کے ابتدائی نقوش کہاں ملتے ہیں ؟

A. سب رس

B. باغ و بہار

C. داستانِ امیر حمزہ

D. طلسم ہوش ربا

77

اردو کا پہلا سفر نامہ کون سا مانا جاتا ہے ؟

A. سیاحت نامہ

B. تاریخ انگلستان

C. سیرِ حامدی

D. عجائباتِ فرنگ

78

''حیاتِ جاوید'' کس کی تصنیف ہے ؟

A. شبلی نعمانی

B. حالی

C. وقار الملک

| | |
|---|---|
| | D. ذکاءاللہ |
| 79 | علامہ شبلی نے جو سفر نامہ روم و مصر و شام لکھا، اس میں ایک اہم رفیق کا ذکر کیا ہے۔ وہ کون ہیں؟<br>A. مولوی سمیع اللہ<br>B. پروفیسر آرنلڈ<br>C. کرنل ہالرائیڈ<br>D. راس مسعود |
| 80 | درج ذیل میں سے کون سا منٹو کے خاکوں کا مجموعہ **نہیں** ہے ؟<br>A. چند ہم عصر<br>B. گنجے فرشتے<br>C. لاؤڈ اسپیکر<br>D. شخصیتیں |
| 81 | رام پور کے نواب یوسف علی خاں کا تخلص کیا تھا؟<br>A. راشدؔ<br>B. شادؔ<br>C. غمگینؔ<br>D. ناظمؔ |
| 82 | دبستانِ لکھنؤ کے کس شاعر نے زبان کی اصلاح کی بھرپور کوشش کی ؟<br>A. آتشؔ<br>B. مصحفیؔ |

| | |
|---|---|
| | C. مومنؔ<br><br>D. امام بخش ناسخؔ |
| 83 | سر سید کی کونسی تصنیف انگریزوں کی غلط پالیسی کی وضاحت کرتی ہے ؟<br><br>A. سرکشیٔ بجنور<br><br>B. اسباب بغاوتِ ہند<br><br>C. امید کی خوشی<br><br>D. تبین الکلام |
| 84 | میر تقی میرؔ نے ریختہ گوئی کس کی ترغیب سے شروع کی؟<br><br>A. اسماعیل امروہوی<br><br>B. میر سعادت علی امروہوی<br><br>C. مصحفی امروہوی<br><br>D. شاہ مبارک آبرو |
| 85 | فورٹ ولیم کالج کے کس مصنف کو سب سے زیادہ شہرت اور مقبولیت حاصل ہوئی؟<br><br>A. مرزا علی لطف<br><br>B. میر امن دہلوی<br><br>C. حیدر بخش حیدری<br><br>D. میر شیر علی افسوس |
| 86 | قلندر بخش جرأت کا تعلق کس دبستان سے ہے ؟ |

A. دبستان دہلی

B. دبستان بیجاپور

C. دبستان گولکنڈہ

D. دبستان لکھنؤ

87 دبستانِ رام پور کے نمائندہ شعراء کی نشاندہی کیجئے:

A. داغؔ اور امیرؔ

B. سوداؔ اور میرؔ

C. غالبؔ و مومنؔ

D. حسرتؔ اور فراقؔ

88 ناول ’’شکست‘‘ کس کا لکھا ہے؟

A. پریم چند

B. سجاد ظہیر

C. علامہ راشد الخیری

D. کرشن چندر

89 ’’آہنگ‘‘ کس کا شعری مجموعہ ہے؟

A. جوش

B. فراق

C. مجاز

D. حسرت

90

مرزا غالب کب پیدا ہوئے؟

A. 1797ء

B. 1890ء

C. 1758ء

D. 1818ء

91

اپنے یا کسی دوسرے شاعر کے مصرعے یا شعر پر مصرع یا مصرعے لگانے کو کیا کہتے ہیں؟

A. مسدس

B. مسمط

C. مربع

D. تضمین

92

ریڈیو فیچر میں کن چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے؟

I. موضوع کی صداقت

II. حقائق اور تخیل کی آمیزش

III. ڈرامائیت

IV. دستاویزی ثبوت

A. I II III

B. صرف IV

C. صرف I

D. صرف II

93

عملی ترجمے کے اہم تقاضوں کی نشان دہی کیجئے:

A. خود تفہیم، نظریہ اور تنقید

B. تاریخ، طرز فکر اور طریقۂ کار

C. تحقیق، جذبہ اور اظہار

D. عمومی آگہی، ذہنی میلان اور نتائج

94

I. پیروڈی کسی شعری ی ونثری تحریروں کی ایسی نقالی کو کہتے ہیں جس سے بنادی فن کے بارے میں تضحیک ہو سکے۔

II. اس فن کا مقصد ادبی یا نظریاتی خامیوں یااختلافات کو بے نقاب کیا جاتا ہے اور اس کا مضحکہ اڑایا جاتا ہے۔

A. بیان I اور II صحیح ہیں۔

B. دونوں بیانات I اور II غلط ہیں

C. صرف بیان I غلط ہے۔

D. صرف بیان II غلط ہے۔

95

' شہرآشوب ' کس نظم کو کہتے ہیں؟

A. وہ نظم ہے جس میں عشقیہ ذکر ہو

B. وہ نظم، ہے جس میں خدا کاذکر ہو

C. وہ نظم ہے جس میں معشوقہ کاذکر ہو۔

D. وہ نظم ہے جس میں کسی دو کے مصائب یا کسی شہر پر نازل ہونے والی آفات کاذکر ہو۔

96

سائنسی کتابوں کی قدیم ترین ترجے کی کتاب ان میں سے کونسی ہے؟

A. بحرِ حکمت

B. جہازرانی

C. ترجمہ شرح چغمنی

D. رسالہ علم ہندسہ

97

سر سید احمد خان کے بڑے بھائی نے ایک اخبار "سید الاخبار" کے نام سے جاری کیا تھا۔ اس کے ایڈیٹر کون تھے؟

A. مولوی محمد باقر

B. سید محمد خاں

C. سید عبدالغفور

D. سر سید احمد خاں

98

"تضحیک روزگار" کس کا شہر آشوب ہے؟

A. سودا

B. میر تقی میر

C. جعفر زٹلی

D. میر اثر

99

عربی میں 'ربع' کے کیا معنی ہیں؟

A. ایک

B. دو

C. چار

D. چھ

100

I. تبصرہ ____________ لمحاتی اور فوری چیز

II. تبصرہ ____________ مستقل اور پائدار تحریر

III. تبصرہ ____________ نظریے کی تخلیق

IV. تبصرہ ____________ فوری تاثر

دو زمرے صحیح ہیں اور دو زمرے غلط ہیں۔ صحیح زمرے کی نشاندہی کیجئے:

A. II اور III

B. IIIاورIV

C. IاورIV

D. IاورII